مطبوعات

بائیبل سے قرآن تک حصہ دوم | تالیف مولانا رحمت اللہ کیرانوی مرحوم ترجمہ مولانا اکبر علی صاحب شرح و تحقیق مولانا محمد تقی عثمانی صاحب صفحات ۵۲۸ قیمت مجلد -/۱۵ روپے۔ ناشر مکتبہ دار العلوم کراچی

برصغیر میں جب انگریزوں کا عمل دخل شروع ہوا تو سیاسی غلبے کے ساتھ ہی عیسائی مشنریوں نے مسلمانوں میں عیسائیت کی تبلیغ زور شور سے شروع کر دی۔ مذہبی میدان میں عیسائیوں کو قدم پھیلاتے دیکھ کر اسلام کا درد رکھنے والے علمائے کرام نے عیسائیت کی حقیقت کو بے نقاب کرنا ضروری سمجھا۔ تاکہ مسلمانوں کو اس کے اثرات سے بچایا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے حضرات علماء نے تحریر و تقریر اور بحث و مناظرہ کی ہر ممکن صورت اختیار فرمائی۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی مرحوم کی بلند پایہ تصنیف "اظہار الحق" بھی اسی سلسلہ کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ بائبل سے قرآن تک اسی کتاب کا اردو ترجمہ ہے جو تین بڑی جلدوں پر پھیلا ہوا ہے۔ اس وقت ہمارے پیش نظر دوسری جلد یہ ہے۔ اس جلد کا آغاز دوسرے باب سے ہوتا ہے جس میں بائبل کی تحریفات کا ذکر ہے۔ تیسرے باب میں نسخ کا معنی و مفہوم اور اس کی اقسام مع شواہد و امثلہ بیان کی گئی ہیں۔ چوتھے باب میں عقیدۂ تثلیث کو عقل کی کسوٹی پہ پرکھ کر واضح کیا گیا ہے کہ یہ ایک بے اصل عقیدہ ہے۔ پانچویں باب میں قرآنِ پاک کا کلامِ الٰہی ہونا، اعجازِ قرآن کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے۔ نیز قرآن پر عیسائیوں کے اعتراضات کا جواب دیا ہے اور ضمناً احادیث کی صحت کا ثبوت بھی پیش کیا ہے۔

"بائبل سے قرآن تک"، عیسائیت کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے نہایت مفید کتاب ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ پندرہ سو صفحات پر مشتمل اس ضخیم کتاب کی ایک تلخیص شائع کر دی جائے تاکہ اس کا دائرہ اثر وسیع تر ہو سکے۔

نشانِ حیدر | تالیف محمد حنیف شاہد صاحب۔ شائع کردہ: ٹیکنیکل پبلشرز، اردو بازار لاہور۔ قیمت آٹھ روپے صفحات ۳۵۲۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں پاکستانی فوج کے اُن سات جیالوں کی زندگیوں کے حالات قلمبند کیے گئے ہیں جنہیں دفاعِ وطن کے لیے غیر معمولی جرأت اور بہادری کے کارنامے سرانجام دینے کی وجہ سے سب سے بڑا فوجی اعزاز نشانِ حیدر عطا کیا گیا۔ ان خوش نصیب جیالوں کے نام یہ ہیں: کیپٹن راجہ محمد سرور، میجر چودھری طفیل محمد، میجر راجہ عزیز بھٹی، پائیلٹ آفیسر راشد منہاس، میجر محمد اکرم، میجر شبیر شریف۔ سوار محمد حسین۔

فاضل مصنف نے بڑی محنت اور عرق ریزی کے ساتھ اس کتاب کے لیے مواد جمع کیا ہے اور اسے بڑے سلیقے کے ساتھ ترتیب دے کر جرأت، استقامت اور ایثار کے واقعات کا ایک نہایت اچھا مرقع تیار کیا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ کے بعد جو چیز تبصرہ نگار کے لیے خاص طور پر موجبِ اطمینان ہے وہ ان جیالوں کی اسلام سے وابستگی ہے۔ خصوصاً کیپٹن راجہ محمد سرور جسے عام طور پر اُس کے عزیز و اقارب سخی سرور کے نام سے یاد کرتے تھے، وہ تو اسلام کے دلسوز فدائی نظر آتے ہیں۔

شروع میں چیف آف دی سٹاف جنرل ٹکا خان کا ایمان افروز پیغام بھی درج ہے۔ کتاب میں بعض مقامات پر زبان اور طباعت کی اغلاط موجود ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ فاضل مصنف دوسرے ایڈیشن میں ان کی تصحیح کا التزام کر دیں گے۔

معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔

صحیح مُسلم | انگریزی ترجمہ و تشریح: عبدالحمید صدیقی۔ ناشر شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار۔ لاہور۔

زیرِ تبصرہ کتاب، جس پر تفصیلی تبصرہ پہلے ترجمان القرآن میں شائع ہو چکا ہے، کا پانچواں پارہ چھپ کر بازار میں آ گیا ہے۔ یہ پارہ کتاب الصلوٰۃ کے پہلے حصے پر مشتمل ہے۔ ناشر نے پانچوں پاروں کی ایک الگ جلد بھی تیار کر دی ہے۔ ایک پارے کی قیمت آٹھ روپے اور پانچوں پاروں کی ایک جلد کی قیمت ۴۵ روپے ہے۔